پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ،سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

13 ستمبر 2019

ریزروبینک آف انڈیا نے گواشہری کوآپریٹیو بینک لمیٹڈ، پنجی (گوا) پر مالی جرمانہ عائد کیا

ریزروبینک آف انڈیا (آر بی آئی) نے مورخہ 11 ستمبر 2019 کے اپنے آرڈر میں گواشہری کوآپریٹیو بینک لمیٹڈ، پنجی کو آر بی آئی نگہداشت ایکشن فریم ورک (ایس اے ایف) سے متعلق ہدایات پرعمل آوری نہ کرنے پر (بنیک) پر مالی جرمانہ عائد کیا۔ جرمانہ کا اطلاق آر بی آئی نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، کے سیکشن 56 جس میں سیکشن (c)(1)47A(i) 46(4) کوشامل کرکے پڑھا جائے، کے ذریعہ حاصل کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے عائد کیا، مذکورہ بالا کارروائی آر بی آئی کے ذریعہ جاری کردہ ہدایات پرعمل آوری میں ناکامی پر بینک پر عائد کی گئی ہے۔

کارروائی کی بنیاد پر ریگولیٹری کے نفاذ میں فرق پر کیا گیا ہے اوراس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ٹرانزکشن کی مجازیت یا بینک کے ذریعہ اس کے صارفین میں ہونے والا معاہدہ ختم ہوگیا۔

پس منظر

آر بی آئی کے ذریعہ 31 مارچ 2018 کو بینک اوراس کی مالی پوزیشن کے متعلق کئے گئے معائنہ سے یہ انکشاف ہوا ہے کہ ایس اے ایف اور ڈپازٹ اکاؤنٹ کے رکھ رکھاؤ میں ہدایات پرعمل آوری نہیں کی گئی۔ بینک کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کرتے ہوئے پوچھا گیا کہ کیوں نہ اس کے خلاف مذکورہ بالا ہدایات پرعمل آوری نہ کرنے کے سبب مالی جرمانہ عائد کیا جائے، بینک کے جواب پر غور کرنے، ذاتی سماعت کے دوران زبانی جواب اور ذاتی سماعت کے بعد بنک کے ذریعہ بھیجے گئے اضافی جواب پر غور کرنے کے بعد آر بی آئی اس نتیجہ پر پہنچا کہ آر بی آئی کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پرعمل آوری نہ کرنے کا الزام درست ہے، اس لئے ایس اے ایف کے انتباہ کے حوالے سے مالی جرمانہ عاید کیا گیا۔

یوگیش دیال
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 2019-2020/698